# جوبلی کامل تکافل
# سیونگز پلان



Jubilee
FAMILY TAKAFUL

Bank Alfalah
The Way Forward

Best Customer
Franchise Award

اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کے آغاز کو بہت جلد منصوبہ بندی کرنا نہیں کہا جا سکتا، اب آپکو آئندہ پیش آنے والی ضروریات سے متعلق فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں ہے جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان ان ضروریات کو پورا کرسکتا ہے۔

یہ پلان ادائیگی میں سہولت کے ساتھ آپکے بُرے وقت میں ایک سچا دوست ثابت ہو سکتا ہے۔

## جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان کیا ہے؟

**جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان** ایک فیمی تکافل پلان ہے جو کہ باہمی تعاون، استحکام اور کمیونٹی کے فوائد کے لئے شرعی اصولوں کی مدد سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ تکافل کے زیرِ انتظام افراد باہمی تعاون کی بنیاد پر آپس میں ایک دوسرے کے مستقبل میں ہونے والے خطرات کو تقسیم کرتے ہیں۔

**•پارٹیسپنٹ ممبرشپ کے دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر ممبرشپ کو منسوخ کرواسکتا ہے۔**

## تکافل کیا ہے؟

۔"تکافل" عربی زبان کا ایک لفظ ہے۔ جس کا مطلب باہم ایک دوسرے کا ضامن بننا ہے۔ یہ ایک مشترکہ پولنگ سسٹم ہے۔ جو کہ بھائی چارہ اور باہمی تعاون کی بنیا د پر مبنی ہے۔ جہاں پارٹسپنٹس ضرورت کے موقع پر ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

## تکافل کے بنیادی اصول:

1۔ پارٹسپنٹس "تبرع" کی بنیا د پر ایک دوسرے کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے وقف پول میں ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں جس "کنٹری بیوشن" کہاجاتا ہے اور اس فنڈ کو "وقف فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
2۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل وقف فنڈ کا انتظام و انصرام کرتا ہے جسے " انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
3۔ کلیمز کی ادائیگی انفرادی فیملی تکافل شرکاء کے فنڈ سے کی جاتی ہے۔
4۔ سرپلس ہونے کی صورت میں (IFTPF) میں موجود رقم کی تقسیم شریعہ ایڈوائزر اور کمپنی کے منتخب کردہ ایکچوریز کی منظوری سے کی جاتی ہے۔

## میں جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان سے کس طرح فائدہ حاصل کرسکتا ہوں؟

| | |
|---|---|
| مرحلہ 1 | اپنی مالی حیثیت کے مطابق کم سے کم کنٹری بیوشن کا انتظام کیجئے جو آپ سالانہ، ششماہی ، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر ادا کر سکتے ہیں۔ |
| مرحلہ 2 | آپ کور اماؤنٹ کا انتخاب کیجئے۔ |
| مرحلہ 3 | شریعہ کمپلائنٹ انویسٹمنٹ اسٹریٹیجیز کا انتخاب کیجئے۔ |
| مرحلہ 4 | پلان کو مزید مستحکم بنانے کے لئے تکافل کے اختیاری فوائد میں سے کسی کا انتخاب کیجئے۔ |

## کیا میں جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان حاصل کرسکتا ہوں اور اس پلان میں موجود مدتِ میعاد کیا ہے؟

اگر آپ کی عمر 18 سال سے 65 سال تک ہے تو آپ **جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان** سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنی ممبر شپ کو 10 سال سے 57 سال تک برقرار رکھ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ میچورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔

## جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان کیا تحفظ فراہم کرتا ہے؟

اس پلان میں موجود فوائد جن سے آپ استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

### تکمیل مدت کا فائدہ:

پارٹسپینٹ کو بخیر و عافیت ممبرشپ کی مدت مکمل ہونے کی صورت میں اسکے فنڈ (PIA) میں موجود جو بھی قدر نقدرقم ہو ادا کر دی جائے گی۔

### وفات کی صورت میں

یہ پلان آپ سے وابستہ ضروریات کا تحفظ کرتا ہے جس میں آپ کا تحفظاتی کور سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن کا 5 سے254 کور ملٹیپل ہو سکتا ہے۔اگر پارٹسپنٹ رکنیت کے مکمل ہونے سے پہلے انتقال کر جائے تو نومنی (منتخب کردہ شخص) کو موجودہ اثاثہ کی قدر نقد اور تحفظاتی فنڈ کی رقم ادا کردی جائے گی۔

## کیا میں اپنے آپکو اضافی خطرات اور حادثات سے محفوظ رکھ سکتا ہوں؟

**جوبلی کامل تکافل سیوینگزپلان** ایک متنوع سہولیات کا حامل پلان ہے جو کہ آپکو آپ کی ضروریات کے مطابق اضافی فوائد کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت: | اس ضمنی فائدہ کے تحت حادثاتی موت کی صورت میں پارٹسپنٹ کے جانب سے منتخب کردہ وارث یا کئی ورثاء کو نقد رقم (جو کہ پلان کی مد میں موت کی صورت میں ادا کی جان والے رقم کے علاوہ ہوگی) ادا کی جائے گی |
| ضمنی تکافل فائدہ برائے مکمل مستقل معذوری | اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کو مکمل مستقل معذوری کے صورت میں مقررہ تمام فوائد ادا کر دیئے جائیں گے۔ |
| ضمنی تکافل فائدہ برائے خطرناك امراض | اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کو بیان کی گئیں 18 خطرناك بیماریوں میں سےکسی ایک کے بھی لاحق ہونے کی صورت میں یکمشت رقم ادا کی جائے گی۔ |
| ضمنی تکافل فائدہ برائے حادثاتی موت یا جزوی مستقل معذوری | اس ضمنی فائدہ کے تحت حادثاتی موت یا کسی عضو کے ضایع ہو جانے کی صورت میں معذوری کی شدت کے مطابق مکمل یا جزوی فوائد کی ادائیگی کی جائے گی۔ |
| ضمنی تکافل فائدہ برائے معافی اقساط: | اس ضمنی فائدہ کے تحت پارٹسپنٹ کی بقیہ تمام اقساط جوبلی فیملی تکافل کی طرف سے ادا کی جائیں گی، بشرطیکہ پارٹسپنٹ حادثہ یا بیماری کی صورت میں اپنی تعلیم کے مطابق کسی پیشہ یا فن اختیار کرنے میں چھ ماہ تک قادر نہ ہوسکے۔ |
| ضمنی تکافل فائدہ برائے خاندانی سہ ماہی آمدنی: | پارٹسپنٹ کی وفات کی صورت میں فیملی کو پابندی سے سہ ماہی آمدنی فراہم کی جائے گی جو کہ ضمنی تکافل فوائد کی معینہ مدت اختتام تک جاری رہے گی۔ |

## مجھے جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان کی سہولیات حاصل کرنے کے لئے کتنا کنٹری بیوشن ادا کرنا پڑیگا؟

آپ کنٹری بیوشن کی ادائیگی سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر کرسکتے ہیں۔
آپ درج ذیل ٹیبل کے مطابق کم سے کم کنٹری بیوشن ادا کر سکتے ہیں۔

| اقساط میں سہولت | کم از کم |
|---|---|
| سالانہ | 36,000 |
| ششماہی | 18,000 |
| سہہ ماہی | 9,000 |
| ماہانہ | 3,000 |

## میری جانب سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن کس طرح کی جاتی ہے؟

آپکی کنٹری بیوشن جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان میں مندرجہ ذیل تفصیلات کے مطابق ایلوکیٹ (مختص) کی جاتی ہے۔

| ممبرشپ کے سال | مختص ہونے والی % |
|---|---|
| 1سال | 55% |
| 2سال | 80% |
| 3سال | 90% |
| 4سال | 100% |
| 5سال | 100% |
| 6سال اوراس سے آگے | 103% |

ٹاپ اپ کیے جانے والے کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن : 100%

## جوبلی فیملی تکافل کی جانب سے میرا کنٹری بیوشن جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان میں کس طرح مینج کیا جائے گا؟

اس پلان میں پارٹسپنٹ کی جانب سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن کی مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک یا دونوں شریعہ کمپلائنٹ فنڈز میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

| | |
|---|---|
| فیملی تکافل انکم فنڈ | فیملی تکافل انکم فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ میں سرمایہ کاری کرکے درمیانی مدت سے طویل مدتی تک کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |
| فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ | فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومنٹ کی وسیع رینج کے بیلنسڈ پورٹ فولیو کے ساتھ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ |

آپ کے کنٹریبیوشن کو بطور ڈیفالٹ فیملی تکافل انکم فنڈ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز میں مختص کیا جائے گا جو درمیانی مدت سے طویل مدتی تک، مختلف شرعی مطابقت رکھنے والے سیکیورٹیز کے متنوع پورٹ فولیو میں بشمول منی مارکیٹ اور ڈیٹ انسٹرومنٹ سرمایہ کاری کرکے کم سے کم خطرہ کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے۔ اس کی ایکویٹی سیکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم، آپ کے پاس اعلانیہ فارم پر دستخط کرکے ڈیفالٹ انویسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔

ان فنڈز کا انتظام ماہر انوسمنٹ منیجرز کے ذریعہ شریعہ ایڈوائزر کی رہنمائی میں کیا جاتا ہے تاکہ سخت شرعی تعمیل کے تحت قابل انتظام اور برداشت خطرے کے ساتھ مطلوبہ منافع کو

یقینی بنایا جاسکے۔

منصوبے کی مدت کے دوران آپ کے کنٹریبیوشن سے سرمایہ کاری کے منافع حاصل ہوں گے۔ منتخب شدہ مدت کے اختتام پر، آپ کو اپنی جمع شدہ نقد قیمت یکمشت میں مل جائے گی۔

نوٹ: ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر ان فنڈز میں سے کسی کی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔

جوبلی لائف فیملی تکافل کے فنڈز کی یونٹ کی قیمتیں باقاعدگی سے معروف روزناموں میں اور جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ www.jubileefamilytakful.com پر شائع ہوتی ہیں۔

## شریعہ کمپلائنٹ فنڈز کیا ہیں؟

شریعہ کمپلائنٹ فنڈز وہ فنڈز ہیں جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکویٹیز، صکوک، اسلامک ٹرم سرٹیفیکیٹس، اسلامک میوچل فنڈز، اسلامک بینکنگ انسٹی ٹیوشنز وغیرہ شامل ہیں جو کہ رِبا(سود)، قمار(جوا)، غرر(دھوکہ) جیسی خرابیوں سے پاک ہیں۔

## کیا جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان مجھے اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ میں اپنے فنڈ میں موجود رقم میں سے کچھ نکلوا سکوں؟

جی ہاں، **جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان** آپ کو آپکے فنڈ میں موجود کیش ویلیو سے جزوی یا مکمل رقم نکلوانے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

### جزوی رقم حاصل کرنا: (Partial Withdrawal)

اگر آپ کسی اچانک درپیش ضرورت کی وجہ سے کیش نکلوانا چاہتے ہیں لیکن ممبرشپ کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے تو آپ کم سے کم نکالی جانے والی رقم کی حد تک رقم نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ رقم نکلوانے کے بعد آپ کے PIA میں 36,000* روپے موجود ہوں۔ جزوی طور پر رقم نکلوانے کے باوجود بھی آپ تکافل کور کی وصولی جاری رکھ سکیں گے۔ حالانکہ جزوی طور پر رقم نکلوانے کی مدت میں سم ایشورڈ/ رسک کو برقرار رکھنے کے لیے آپ کی کور ہونے والی رقم کے اندر کمی ہو جائے گی۔

*بقیہ رقم تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس- ونڈو تکافل آپریشنز اس میں ردّو بدل کرسکتی ہے۔

### مکمل رقم حاصل کرنا: (Full Plan Surrender)

آپ کسی بھی وقت اپنے پلان کو سرینڈر کرسکتے ہیں۔ مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ میں موجود نقد رقم ادا کردی جائے گی اگر ممبرشپ کے قریب ترین سالوں میں مکمل دستبرداری کی گئی تو کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

- **جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان کا ضمنی غیر اختیاری تکافل فائدہ:**

– **ٹاپ اپ کنٹری بیوشن (ایڈہاک کنٹری بیوشن):**

یہ پلان ایک طویل المیعاد سیونگز اور پروٹیکشن پلان ہے جہاں آپکو پہلے سے طے شدہ بنیادی کنٹری بیوشن کے مطابق ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔

البتہ آپ جب کبھی بھی چاہیں تو اضافی رقم ٹاپ اپ کرسکتے ہیں جو کہ آپ کے پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکائونٹ (PIA) میں ہی 100% تک مختص ہو کر آپ کی سیونگز کو تیزی سے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

– **اضافی منافع کی تقسیم:**

**جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان** اپنے پارٹسپنٹ کو صرف تحفظ ہی نہیں بلکہ IFTPF میں بچ جانے والی رقم (سرپلس) بھی پیش کرتا ہے جو کہ عقد تبرع کی بنیاد پر دی گئی رقوم

سے کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعدوقف فنڈ سے درج ذیل ترتیب سے ادا کئے جائیں گے۔ اگر بیان کی گئی مدت کے اختتام پر کلیمز کی ادائیگی اور دیگر اخراجات منہا کرنے کے بعد کچھ اضافی رقم بچ گئی تو وہ رقم بیان کئے جانے والے مقاصد میں استعمال کی جائے گی۔

1۔ فنڈ کا ایک حصہ وقف پول کو مستقبل میں مستحکم کرنے کے لئے مختص کیا جائے گا تاکہ آئندہ آنے والے بڑے کلیمز کی ادائیگی میں سہولت فراہم کر سکے۔

2۔ پول کا ایک حصہ شریعہ ایڈوائزر کے مشورہ سے رفاہی کاموں میں خرچ کیا جائے گا۔

3۔ باقی موجودہ رقم (سرپلس) پارٹسپنٹس میں منصفانہ طور پر تقسیم کی جائے گی۔

ونڈو تکافل آپریٹر منافع کسی بھی صورت میں اپنی ملکیت میں نہیں لے سکتا اور سرپلس ہمیشہ پول اور عوام کے مفاد میں استعمال کئے جائیں گے۔

## جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان میں کیا فیس شامل ہیں؟

**جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان** میں مندرجہ ذیل فیس شامل ہیں۔

وکالتہ الاستثمار* (درج ذیل پر مشتمل ہے)

| ابتدائی چارج | 5% بڈ آفر اسپریڈ |
|---|---|
| ایلوکیشن فیس | باقاعدگی سے دیئے جانے والے کنٹری بیوشن میں سے بچنے والی تمام رقم جو پارٹسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں ایلوکیٹ نہیں ہوئی ہو۔ |
| انویسٹمنٹ فیس | سالانہ 1.5% نیٹ ایسٹ ویلیو PIA کا حصہ ہوگا۔ |
| ایڈمن فیس* | ہر ماہ 145 روپے |
| منتقلی فیس | ممبر شپ سال میں چار مرتبہ سے زائد ہر مرتبہ 500 روپے چارج ہوں گے۔ |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECP سے منظور شدہ اصولوں کے مطابق PIA اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اور IFTPF میں منتقل ہوگی تاکہ IFTPF سے تحفظاتی فوائد کی ادائیگی کی جاسکے۔<br>- ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% پارٹسپنٹ ممبرشپ دستاویز (PMD) میں موجود تفصیلات کے مطابق فوائد کی ادائیگی کے لئے ہوگا۔<br>- ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40% ضمنی تکافل فوائد کے دستاویزات میں موجود تفصیلات کے مطابق ضمنی تکافل فوائد کی ادائیگی کے لئے ہوگا۔ |
| IFTPF سے وصول کی جانے والی وکالہ فیس* | (IFTPF) سے وکالہ فیس کے طور پر کٹوتی کی جاتی ہے۔ |
| مضارب شیئر*<br>سرمایہ کاری کی آمدنی سے شراکت | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)، IFTPF (رب المال) کے راس المال کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع کا 40% مضاربہ کی بنیاد پر حاصل کرے گا۔ |

ونڈو تکافل آپیرٹر کی جانب سے اس میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

## مہنگائی کا مقابلہ:

آپ کا تعاون ہر سال خود بخود بڑھ جاتا ہے، بغیر کسی طبی تحقیقات کے ونڈو تکافل آپریٹر کی طرف سے بتائی گئی حد تک۔ آپ یقیناً اضافہ کو مسترد کرنے کا حق اپنے پاس رکھتے ہیں اور اپنے پلان کو پہلے کی طرح ہی شرائط و ضوابط پر جاری رکھتے ہیں یا اپنی ضروریات کے مطابق کم اضافہ کا انتخاب کرتے ہیں۔

## فری لُک پیریڈ:

جوبلی کامل تکافل سیونگز پلان آپکو آفر کرتا ہے کہ 14 دن کا فری لُک پیریڈ جس میں آپ پلان کی تمام شرائط و ضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اگر چاہیں تو ممبر شپ ختم کر سکتے ہیں۔ اگر ممبر شپ کی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اندر منسوخی کی تحریری درخواست موصول ہو گئی تو آپ کا کنٹری بیوشن واپس کر دیا جائے گا۔

مالی معائنہ/معائنوں یا طبّی اخراجات اگر کوئی ہوں، اور ممبر کی جانب سے IFTPF میں کی جانے والی کسی بھی کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی کٹوتی کی جا سکتی ہے۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزر:

ونڈو تکافل آپریشنز کے تمام بزنس آپریشنز اور پروڈکٹس ایک ماہر، باصلاحیت، نامور اور مشہور شرعی ایڈوائزر کی زیر نگرانی شریعت کے اصولوں کے مطابق منظور شدہ ہوتی ہیں۔ اسکے علاوہ ایک انٹرنل شریعہ کمپلائنٹ ڈپارٹمنٹ سرمایہ کاری اور آپریشنل مسائل کے لیے شریعت کے اصولوں کے مطابق راہنمائی اور حل فراہم کرتا ہے۔

### دستبرداری

- یہ پروڈکٹ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے تحریر کی گئی ہے۔ بینک الفلاح یا اُس کا کوئی ملحقہ ادارہ نہ ہی اس پروڈکٹ کی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی اس کا تحفظ کرتا ہے، اور نہ ہی یہ بینک کی پروڈکٹ ہے۔

- ضروری نہیں ہے کہ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فنڈز کی ماضی کی کارکردگی، مستقبل کی کارکردگی کی رہنمائی کرے۔ ضروری نہیں ہے کہ کی گئی پیش گوئی، مستقبل کی یا اس طرح کے فنڈز کی کارکردگی کی نشان دہی کرے اور نہ ہی ونڈو تکافل آپریٹر اور نہ ہی بینک الفلاح اس کے لیے کسی بھی طرح ذمہ دار ہیں۔

- تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فوائد کی ایک ذاتی السٹریشن فراہم کی جائیگی۔ ازراہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط و ضوابط اچھی طرح سمجھ لیجیے۔

- براہ کرم دیگر شرائط و ضوابط کی تفصیلی جائزے کے لئے ممبر شپ دستاویزات کا مطالعہ کریں۔

- ممبر شپ حاصل کرتے وقت اگر پارٹیسپنٹ کی عمر قریب ترین تاریخ پیدائش پر 55 سال یا اس سے کم ہو تو وہ ضمنی تکافل فوائد حاصل کر سکتا/کر سکتی ہے۔

- بینک الفلاح، جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے بطور ڈسٹری بیوٹر کام کر رہا ہے اور کسی بھی شخص کے سامنے، بشمول لیکن کورڈ کسٹمر/کسٹمرز، نامزد کنندہ/کنندگان یا تھرڈ پارٹی تک محدود نہیں ہے، کسی بھی طرح سے، کسی بھی بات کا ذمہ دار نہیں ہے اور نہ ہوگا۔

- جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر اور فراہم کنندہ ہے اور ممبر شپ کی خدمت، لاجمنٹ، پروسیسنگ اور کورڈ کسٹمرز اور بنیفیشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔

- سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹیسپنٹ برداشت کرے گا اور تکمیل مدت کے وقت یا ممبر شپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم متوقع رقم کے مقابلے میں کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔ اگر پارٹسپنٹ پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی اور فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کے لیے اعلامیہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔

- ازراہ کرم بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لئے جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ (https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaf-ul-funds/fund-manager-reports/) پر رجوع کریں۔

رابطے کے لئے تفصیلات:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ونڈو تکافل آپریشنز

ہیڈ آفس: 74/1-A، لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ، کراچی -74000، پاکستان
فون: 35205094 ,32120201 (021) فیکس: 35610959 (021)
ای میل: complaints@jubileelife.com, info@jubileelife.com
یو اے این: 111-111-554 (021) ایس ایم ایس: اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں
ویب سائٹ: www.jubileefamilytakaful.com

Scan QR Code to Access
**Bank Alfalah Whatsapp**
- 021 111 225 111 | bankalfalah.com

/BankAlfalah /BankAlfalahOfficial /bank_alfalah /BankAlfalah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جوبلی فیملی تکافل۔ جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا **جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان** وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللّٰہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل کے **جوبلی کامل تکافل سیوینگز پلان** کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز
شرعی مشیر